# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: "امّی ابّو کو بتانا ہے" | |


**مقاصد:** الفاظ کے معانی پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 30، جار، بچوں کے ناموں کی پرچیاں، ٹوکری



## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- سبق "امّی ابّو کو بتانا ہے" کے اعادے کے لیے بچوں کے ناموں کی پرچیاں ایک جار میں ڈالیں۔
- جماعت کو ایک دائرے کی صورت میں بٹھائیں اور استاد خود درمیان میں بیٹھ جائیں۔
- اس کے بعد بچوں کو بتائیں کہ آج ہم جانیں گے کہ آپ نے سبق "امّی ابّو کو بتانا ہے" میں سے کیا سبق حاصل کیا ہے؟
- جار میں سے ایک پرچی نکالیں جس بچے کا نام نکلے اس سے سوال کا جواب لیں۔
- درست جواب کی صورت بچے کی حوصلہ افزائی کریں۔
- غلط جواب کی صورت میں اگلے بچے سے سوال کا جواب حاصل کریں۔
- اسی طرح یہ سرگرمی متفرق بچوں سے مکمل کروائیں۔



## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- کتاب کے صفحہ نمبر 30 پر موجود نئے الفاظ کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے بورڈ پر تمام الفاظ اور ان کے معانی لکھیں۔
- بچوں کو ان الفاظ معانی کی اچھی طرح پڑھائی کروائیں۔
- الفاظ معانی کی مزید پڑھائی کے لیے بچوں کے ساتھ بنگو گیم کھیلیں۔
- اس کے لیے الفاظ پر مشتمل چارٹ پیپر کے کارڈ بنالیں۔
- سب کارڈ ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔ ان کے ساتھ کچھ کارڈز پر لفظ بنگو لکھ کر بھی ڈالیں۔
- جماعت کو دو حصوں میں تقسیم کریں۔ انھیں ٹیم چاند اور ٹیم سورج کا نام دیں۔
- تختہ تحریر پر دو کالم بنا کر ایک پر ٹیم چاند اور دوسرے پر ٹیم سورج کی سرخی دے دیں۔
- دونوں ٹیموں کے حاصل کردہ نمبر ان میں لکھتے جائیں۔
- ہر ٹیم سے ایک ایک بچہ آئے اور باری باری ڈبے میں سے الفاظ نکال کر پڑھے اور اس کا معانی بتائے۔
- غلط معانی بتانے والی ٹیم کا ایک نمبر کاٹا جائے گا۔
- بنگو کارڈ آتے ہی باری دوسری ٹیم کو دی جائے۔

| |
|---|
| • اسی طرح تمام الفاظ پر یہ سرگرمی کروائیں۔ جس ٹیم کے نمبر زیادہ ہوں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائے گی۔<br>• جیتنے والی ٹیم کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ |
| **اعادہ:**(3منٹ)بچوں کو مختصراً جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروادیں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ)بورڈ پر چند الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے معانی لکھوائیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ)جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے اور ورک شیٹ مکمل کر کے آنی ہے۔ |

# ورک شیٹ

درج ذیل الفاظ کے معانی لکھیں۔

| لفظ | معنی |
| --- | --- |
| دستک ہونا | |
| اجنبی | |
| حفظ وامان | |
| جھٹ سے | |
| جھجک | |
| دھیان | |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: "امّی ابوّ کو بتانا ہے" | |

**مقاصد:** سوالات کے جواب لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 30، چکور جیبوں والا ڈبا، الفاظ معانی پر مبنی پرچیاں

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- سبق کے اعادے کے لیے جماعت کے بچوں میں سبق سے متعلق الفاظ اور ان کے معانی پر مبنی پرچیاں تقسیم کر دیں۔
- تمام بچوں سے کہیں کہ اپنی اپنی پرچیوں پر لکھے ہوئے الفاظ پڑھ لیں۔
- ان پرچیوں میں سے چند پرچیوں پر دیگر الفاظ بھی لکھ دیں۔
- اب استاد جماعت کے بچوں کو باری باری اپنے پاس موجود الفاظ پڑھنے کے لیے کہیں۔
- جب ایک بچہ اپنا لفظ پڑھے، تو جس بچّے کے پاس اس لفظ کا معنی موجود ہو وہ بچہ فوراً ہاتھ کھڑا کر کے استاد کو اپنی جانب متوجہ کرے اور متعلقہ معنی بتائے۔
- اگر کوئی بچہ غلط معانی بتادے تو استاد دوبارہ بچوں کو اس لفظ کا معنی تلاش کرنے اور بتانے کے لیے کہیں۔
- اسی طرح تمام الفاظ کے معانی کی شناخت کروائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)



- کتاب کے صفحہ نمبر 30 پر موجود سوال نمبر 1 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے جماعت کے بچوں سے سبق "امّی ابوّ کو بتانا ہے" کی خاموش پڑھائی کرنے کے لیے کہیں تاکہ بچے سوالات کے جواب اچھی طرح دے سکیں۔
- سوالات کے جوابات کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے ایک چوکور ڈبّا جماعت میں آنے سے پہلے تیار کر لیں۔
- ڈبے کی چاروں اطراف میں رنگ برنگا کاغذ چڑھالیں۔
- ڈبے کی چاروں اطراف میں کاغذ کی چھوٹی چھوٹی جیبیں بھی بنا دیں۔
- مشق میں دیے گئے سوالات کی پرچیاں بنائیں اور وہ ان جیبوں میں ڈال دیں۔
- مگر جیبوں میں ڈالنے سے پہلے پرچیوں کو بند ضرور کر دیں۔
- بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔
- ہر گروہ میں سے باری باری ایک ایک بچے کو بلائیں اور انھیں ڈبّا ایسے گھما کر زمین پر لُڑھکانے کو کہیں جیسے پاسا پھینکا جاتا ہے۔
- پھینکے جانے پر ڈبّے کی جو جیب اُوپر کی جانب آئے اُس کی جیب سے پرچی نکالیں اور بچے سے اُس پر لکھے ہوئے سوال کا جواب پوچھیں۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلط جواب پر دوسرے گروہ کے بچے کو اس کا موقع دیں۔
- اس طرح یہ سرگرمی گروہ کے باقی بچوں سے بھی کروائیں۔

| |
|---|
| • جو گروہ زیادہ سوالات کے جوابات دے گا وہ فاتح قرار دیا جائے گا۔<br>• اس کے بعد بورڈ پر صفحہ نمبر 30 کے سوال نمبر ا کے تحت دیے گئے تمام سوالات اور جوابات لکھیں۔<br>• بچوں سے ان سوالات کے جوابات کی پڑھائی کروائیں۔<br>• آخر میں بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپیاں نکالیں اور ان پر سوالات کے جوابات لکھیں۔<br>• اس دوران میں بچوں کی نگرانی کریں اور جہاں انھیں مشکل پیش آئے ان کی مدد کریں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو مختصراً جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروادیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر چند سوالات لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے جوابات حاصل کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے اور ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔ |

## ورک شیٹ

دیے گئے سوالات کے جواب لکھیں۔

الف۔ برہان نے دروازہ کھولا تو باہر کون تھا؟

ب۔ اجنبی لوگ بچوں کے ساتھ کیسا سلوک کرتے ہیں؟

ج۔ کوئی اجنبی آپ کو کھانے کی چیز دے تو آپ کیا کریں گے؟

د۔ برہان کی امّی جان نے بچّوں سے جو باتیں کیں، اُن میں سے کوئی سی دو باتیں لکھیں؟

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:4 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | | سبق کا نام: "امّی ابّو کو بتانا ہے" | |

**مقاصد:** درست جواب کے گرد دائرہ لگا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 30،31، شیٹس، اعزازی کارڈ، گتے کا پہیا، پلاسٹک کے انڈے، پرچیاں




## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں سے گذشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔
- بچوں کے دو گروہ بنا دیں اور دونوں گروہ کو ایک ایک شیٹ دیں جس پر "امّی ابّو کو بتانا ہے" سے متعلق دو دو سوالات لکھے ہوں۔
- ایک گروہ کے بچوں سے کہیں کہ وہ دوسرے گروہ کے بچوں سے دی گئی شیٹ پر لکھے ہوئے سوالات کے جواب لیں۔
- اسی طرح یہ سرگرمی دوسرے گروہ کے بچوں سے کروائیں۔
- جس گروہ کے بچے زیادہ سوالوں کے درست جواب دیں گے، وہ یہ مقابلہ جیت جائیں گے اور انھیں بہترین طلبہ کے اعزازی کارڈ دیے جائیں گے۔






## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- کتاب کے صفحہ نمبر 30 اور 31 پر موجود سوال نمبر 2 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے جماعت کے بچوں کو پانچ گروہوں میں تقسیم کر دیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم کثیر الانتخابی سوالات کے جوابات پڑھیں گے۔
- سرگرمی کو دل چسپ بنانے کے لیے کے لیے "پہیہ گھماؤ، جواب بتاؤ" کا کھیل کھیلیں۔
- کسی گتّے کی مدد سے یہ پہیا تیار کریں اور اس پر پانچ مختلف رنگوں کے ڈبے بنا دیں۔
- ان ڈبوں پر ایک تا پانچ تک گنتی بھی لکھ لیں۔
- اس سرگرمی کے لیے چارٹ پیپر کے بنے ہوئے کارڈ پر مشق کے سوال نمبر 2 میں دیے گئے سوالات لکھ لیں۔
- کارڈ کے رنگوں کے لیے پہیے میں دیے رنگ چُنیں۔
- اس کے بعد ان سوالات کے ممکنہ جوابات کی پرچیاں تیار کر کے پلاسٹک کے انڈوں میں رکھ لیں۔
- یاد رہے کہ ہر انڈے میں صرف ایک سوال کے ممکنہ جوابات کی پرچیاں ہوں۔
- انڈے میں موجود پرچیوں پر صرف ایک درست جواب ہو اور باقی دو جوابات غلط لکھے ہوں۔
- ان انڈوں پر بھی ایک تا پانچ تک گنتی لکھی ہو۔
- جماعت میں سے ہر گروہ کے بچوں کو بُلائیں اور ان سے پہیا گھمانے کو کہیں۔
- پہیا گھومتے ہوئے جس رنگ پر رُکے، اُس رنگ کا کارڈ نکال کر بچے کو دیں ساتھ ہی اسی نمبر کا (جوابات پر مشتمل) انڈا بھی بچے کو پکڑا دیں۔

- یہ سر گرمی جماعت میں بنے تمام گروہوں پر کروائیں۔
- جب بچوں کو کارڈ اور انڈے فراہم کر دیے جائیں تو بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ اپنے پاس موجود کارڈز سے سوال پڑھیں اور انڈوں میں موجود پرچیوں میں سے درست جواب تلاش کر کے ساتھیوں کو بتائیں۔
- اس کام کے لیے بچوں کو مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد تمام گروہوں کے بچوں سے صفحہ نمبر 30 اور 31 کے سوال نمبر 2 میں موجود سوال کریں اور بچوں سے ان کا درست جواب حاصل کریں۔
- درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- اس پر لکھا سوال بچے سے پوچھیں اور جواب لیں۔ درست جواب دینے والے بچے کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- اس کے ساتھ ہی بچوں سے کتاب کا کام بھی مکمل کروائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو مختصراً جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروادیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر چند سوال لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے جواب لیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ: 2 | جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ: 4 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 4 | سبق کا نام: "امّی ابّو کو بتانا ہے" | |

**مقاصد:** درست اور غلط جملوں کی نشان دہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 31

## تحریکی سر گرمی: (5 منٹ)



- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- پچھلے سبق (کثیر الانتخابی سوالات) کے اعادے کے لیے جماعت کے بچوں کو پانچ گروہوں میں تقسیم کر دیں۔
- اب ایک ٹوکری میں تمام سوالات کی پرچیاں رکھ کر باری باری پانچوں گروہوں کے پاس جائیں اور ان کے لیڈروں سے کہیں کہ وہ ان میں سے کوئی بھی پرچی اٹھالیں۔
- پھر ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں اور ان سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی پرچیاں کھول کر اس پر لکھا ہوا جملہ پڑھیں اور اس سوال کا درست جواب مل کر باہم مشورے سے بتائیں۔
- مخصوص وقت کے بعد ہر گروہ کے لیڈر سے کہیں کہ وہ آئے اور اپنی پرچی پر لکھا ہوا جملہ اور اس کے درست جواب کے بارے میں باقی بچوں کو بتائے۔
- اس طرح یہ سر گرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- کتاب کے صفحہ نمبر 31 پر موجود سوال نمبر 3 کی سر گرمی مکمل کروانے کے لیے تمام بچوں کو دو گروہوں میں تقسیم کریں۔
- دونوں گروہوں کو سبق "امّی ابّو کو بتانا ہے" کی خاموش پڑھائی کرنے کو کہیں۔
- بچوں کے سبق پڑھنے کے دوران میں بچوں کی نگرانی کریں کہ بچے درست طور پر متن کی پڑھائی کر رہے ہیں کہ نہیں۔
- بچوں کو ہدایت دیں سبق کے متن کو غور سے پڑھیں کیوں کہ اگلی سر گرمی متن سے ہی متعلق ہے۔
- اگلی سر گرمی کروانے سے پہلے متن سے متعلق بچوں کی فہم کا جائزہ لینے کے لیے بچوں سے مختصر سوال کریں اور متفرق بچوں سے ان کے جواب حاصل کریں۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم سبق "امّی ابّو کو بتانا ہے" سے متعلق سوالات کے درست اور غلط جوابات کی شناخت کریں گے۔
- بچوں میں سوال نمبر 3 سے متعلق جملوں پر مبنی پرچیاں تیار کر لیں۔
- پرچیاں بناتے ہوئے اس بات کا دھیان رکھیں کہ پرچیوں کی تعداد بچوں کی تعداد سے زیادہ ہوں۔
- بچوں میں پرچیاں تقسیم کریں اور بچوں سے کہیں کہ وہ ان پر لکھے ہوئے جملے پڑھیں اور سبق کے متعلق سوچیں کہ وہ جملے درست ہیں یا غلط، پھر ان کے سامنے ٹک اور کراس کا نشان لگائیں۔
- اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔ مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ کے کام کا جائزہ لیں۔
- جس گروہ نے یہ سر گرمی درست طور پر کی ہو، انھیں شاباش دیں۔

| |
|---|
| • اس کے بعد کتاب کا کام مکمل کروائیں۔ |
| **اعادہ:** (3منٹ) بچوں کو مختصراً جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروادیں۔ |
| **جائزہ:** (5منٹ) بورڈ پر صفحہ 31 کے سوال نمبر 3 کے جملے لکھیں اور متفرق بچوں سے غلط اور درست جملوں کی نشاندہی کروائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ: 2 | جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ: 4 | | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 5 | | سبق کا نام: "امّی ابوّ کو بتانا ہے" | |

**مقاصد:** سبق سن کر اپنے الفاظ میں دہرا سکیں۔

متن سن کر زبانی سوالات کے جوابات دے سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 31، گتے کا ڈبا، سوالات پر مبنی پرچیاں، ٹوکری

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)




- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- سبق کے اعادے کے لیے اس ڈبے میں کتاب کے صفحہ نمبر 31 پر دیے گئے سوال نمبر 3 کے جملے اور چند بنگو الفاظ پر مبنی پرچیاں ڈال دیں۔ ایک پرچی پر ایک جملہ لکھا ہو۔
- اس کے علاوہ کچھ پرچیوں پر لفظ بنگو لکھ کر وہ بھی اس ڈبے میں ڈا ل دیں۔ بچوں کی دو ٹیمیں بنا دیں۔
- کسی ایک ٹیم کے بچے کو بلائیں اور اس سے کہیں کہ وہ ڈبے میں سے کوئی پرچی نکالے۔
- وہ بچہ پرچی نکال کر اس پر لکھا ہوا جملہ پڑھے گا اور دوسری ٹیم بتائے گی کہ یہ جملہ سبق کے مطابق درست ہے یا غلط۔
- دونوں ٹیموں کو درست جواب دینے پر دو دو نمبر مل جائیں گے۔
- پہلی ٹیم کا بچہ پھر نئی پرچی نکالے گا، اگر اس دوران میں لفظ بنگو کی پرچی نکل آئے گی تو باری دوسری ٹیم کو مل جائے گی۔
- آخر میں جس ٹیم کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ یہ مقابلہ جیت جائے گی۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)



- کتاب کے صفحہ نمبر 31 پر موجود سوال نمبر 4 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے جماعت کے بچوں کو جوڑیوں میں تقسیم کریں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ آپس میں ایک دوسرے کو سبق "امّی ابوّ کو بتانا ہے" کا متن سنائیں۔
- پھر سبق کے مختلف پہلوؤں پر بات چیت کرنے کے لیے کہیں تا کہ سبق کے تمام پہلوؤں ذہن نشین ہو جائیں۔
- اس کے بعد ایک ٹوکری میں جماعت کے تمام بچوں کے نام پرچیوں پر لکھ کر ڈال دیں۔
- باری باری ایک پرچی نکالیں جس بچے کا نام نکلے اس سے سبق کے مختلف حصوں کو اپنے الفاظ میں بیان کرنے کے لیے کہیں۔
- جہاں بچے کو کوئی پیراگراف یا جملہ دہرانے میں دقّت پیش آئے اساتذہ راہ نمائی کریں۔
- اس کے علاوہ پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ بورڈ پر لکھتے جائیں اور جب بچہ متعلقہ جملے یا لفظ پڑھ لے تو اس کی اصلاح کریں۔
- دورانِ پڑھائی میں کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔

- اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے میں جھجک محسوس کرتے ہیں۔
- پڑھائی کے بعد بچوں سے عبارت کا مفہوم پوچھیں۔
- اس کے بعد کتاب کے صفحہ نمبر 31 پر موجود سوال نمبر 5 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے جماعت کے چار چار بچوں کے گروہ بنا دیں۔
- ان گروہوں کے نام بھی رکھیں اور ان کے ناموں سے متعلقہ کالم بورڈ پر بنا لیں۔
- بچوں کو گروہوں کی شکل میں سوال نمبر 5 کا متن پڑھنے کے لیے کہیں۔
- ہدایت دیں کہ وہ ایک دوسرے سے متن پڑھوائیں اور جہاں اصلاح کی ضرورت ہو، اصلاح کریں۔
- وقت مکمل ہونے پر ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے سے سوال نمبر 5 میں دیا گیا پیراگراف پڑھوائیں۔
- اس دوران میں بچوں کے درست تلفظ، لب و لہجے کی ادائی اور روانی کو مدِ نظر رکھیں۔
- پڑھنے کے دوران ہونے والی اغلاط اس گروہ کے متعلقہ کالم میں لکھتے جائیں۔
- درست روانی اور تلفظ کی ادائی سے متن پڑھنے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- بعد ازاں گروہوں سے پیراگراف کے متن کی تفہیم کا جائزہ لینے کے لیے پیراگراف کے نیچے پوچھے گئے سوالات کی پرچیاں بنائیں۔
- پرچیاں بناتے ہوئے اس بات کا دھیان رکھیں کہ پیراگراف کی تفہیم کے لیے پوچھے گئے سوالات کی تین تین پرچیاں ہر گروہ کے حصے میں آئیں۔
- بچوں کو سولات کا جواب ینے کے لیے سوچنے کا کچھ وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد بچوں سے سوالات کے جواب حاصل کریں۔ درست جواب دینے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو مختصراً جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروا دیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) متفرق بچوں سے سوال نمبر 5 میں دیا گیا پیراگراف سنیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:2 | جماعت:دوم | مضمون:اردو |
| ہفتہ:4 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | | سبق کا نام:"امّی ابّو کو بتانا ہے" | |

**مقاصد:** الفاظ کے حروف الگ کر کے آخری حرف سے نیا لفظ بنا سکیں۔

بے معنی الفاظ روانی سے پڑھ سکیں۔


**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 32 چارٹ پیپر کی قلفیاں، پرچیاں،

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)




- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 32 پر موجود سوال نمبر 6 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے بچوں کے پانچ گروہ بنادیں۔
- ہر گروہ کو چارٹ پیپر کی بنی ہوئی مختلف رنگوں کی قلفیاں دیں، جن کے اوپر الفاظ "جھجک، کھلونا، اجنبی، چھپانا اور محسوس" لکھے ہوں اور ان الفاظ کے نیچے ان الفاظ کے ارکان لکھنے کی جگہ ہو۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ قلفی کے اندر لکھا ہوا لفظ پڑھیں، پھر اس لفظ کے نیچے دی گئی جگہ میں اس کے ارکان الگ الگ کر کے لکھیں۔
- اس کے لیے انھیں چند منٹ کا وقت دیں۔
- اس دوران میں تختہ تحریر پر دو کالم بنا کر ایک کالم پر الفاظ اور دوسرے کالم پر ارکان کی سرخی لکھیں۔
- الفاظ والے کالم میں الفاظ "الفاظ "جھجک، کھلونا، اجنبی، چھپانا اور محسوس" لکھ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کوئی لفظ بولیں۔
- جس گروہ کے پاس اس لفظ پر بنی قلفی ہو گی، اس گروہ کا کوئی بچہ آئے گا، اس لفظ کی ادائی کرے گا اور تختہ تحریر پر اس لفظ کے آگے ارکان والے کالم میں ارکان الگ الگ کر کے لکھے گا۔
- اسی طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔
- آخر میں جس گروہ نے یہ سرگرمی درست طور پر کی ہو گی، وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)




- کتاب کے صفحہ نمبر 32 پر موجود سوال نمبر 6 کی بقیہ سرگرمی مکمل کروانے کے لیے
- بورڈ پر جن الفاظ کے حروف الگ الگ کروائے تھے ان کے آخری حروف لکھیں جیسے:
- بچوں کی دو ٹیمیں بنا دیں اور ہر ٹیم میں سے چار چار بچوں کو بلالیں۔
- بورڈ کے سامنے ذرا فاصلے پر لمبائی کے رخ میں ایک رسی رکھ دیں۔



- دونوں ٹیموں کے بچوں کو قطار میں رسی کی دونوں اطراف میں اس طرح سے کھڑا کر دیں کی ان کے چہروں کا رخ بورڈ کی طرف ہو اور بورڈ کو ان کا Winning point بنا دیں۔
- تختہ تحریر پر حروف **"ک،ا،ی،ا،س"** حروف الگ الگ کر کے لکھ دیں۔
- جو بچہ سب سے پہلے ان حروف سے شروع ہونے والا لفظ بتائے گا، وہ چاہے قطار میں کہیں بھی کھڑا ہو، آگے آ کر بورڈ پر لکھے حروف کے سامنے مکمل لفظ لکھے گا اور پھر وہ قطار میں کہیں بھی کھڑا ہو واپس جا کر اپنی ٹیم کی قطار میں سب سے آگے جا کر کھڑا ہو جائے گا۔
- اس طرح یہ سرگرمی باقی حروف پر بھی کروائیں۔
- آخر میں جس ٹیم کے بچے زیادہ الفاظ بتاتے ہوئے تختہ تحریر کے زیادہ قریب ہوں گے، وہ ٹیم فاتح قرار پائے گی۔
- اسی طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں کے بچوں سے بھی کروائیں۔
- جو بچے مقررہ وقت میں یہ کام کر لیں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائیں گے اور انھیں کوئی انعام دیا جائے گا۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 32 پر موجود سوال نمبر 7 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے بے معنی الفاظ کی نمونے کی پڑھائی پہلے خود کریں۔
- نمونے کی پڑھائی کرنے کے بعد بچوں سے با آواز بلند پڑھائی کروائیں۔ بہترین تلفظ پڑھنے والے بچے کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- بچوں کو مشکل الفاظ کا درست تلفظ خود کر کے بتائیں۔
- پڑھائی کے دوران میں بچے جن الفاظ پر اٹکیں، وہ بورڈ پر لکھتے جائیں۔
- پھر اصوات کی مدد سے ان الفاظ کی پڑھائی کروائیں کیوں کہ بچے ان الفاظ پر اٹکتے ہیں جن کا تلفظ انھیں نہیں آتا۔
- بار بار الفاظ کی درست تلفظ سے پڑھائی متن کو روانی سے پڑھنے کی کُنجی ہے۔
- با آواز بلند پڑھائی کے بعد بچوں کو خاموشی سے نظم پڑھنے کو کہیں۔
- اس دوران میں دھیان رکھیں کہ بچے متعلقہ صفحے پر سطر کے نیچے اُنگلی رکھ کر پڑھ رہے ہوں۔
- اگر کسی بچے کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آ رہی ہو تو اس کی انفرادی طور پر راہ نمائی کریں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو مختصراً جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروا دیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) متفرق بچوں سے سوال نمبر 7 میں موجود الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔